ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔ 02199212639

پریس ریلیز

کراچی یکم فروری 2019ء:۔

سینٹرل پولیس آفس کراچی میں ایک سلسلہ بعنوان (مہمان کے ساتھ ایک گھنٹہ) کے تحت امروز جناب رانا جواد ڈائریکٹر نیوز جیو ٹیلی ویژن نے شرکت کی۔ آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام نے اس موقع پر انہیں خوش آمدید کہتے ہوئے انکا استقبال کیا۔ مذکورہ عنوان پر منعقدہ ایک سادہ مگر پروقار تقریب میں سی پی او کے جملہ سینئر پولیس افسران بھی موجود تھے۔

اس اہم نشست میں سینئر صحافی نے اپنے پیشہ وارانہ امور، تجربات اور تجزیات کے ساتھ ساتھ عملی زندگی میں پیش آنیوالے مختلف واقعات، پولیس اور میڈیا کے مابین روابط اور اسکے بالخصوص جرائم کے انسداد اور معاشرے میں امن وامان کے فروغ جیسے اقدامات پر مشتمل سیر حاصل معلومات سے شرکاء کو مستفید کیا۔

آئی جی سندھ نے کہا کہ تفویض کردہ فرائض اور اختیارات کے درست سمت میں استعمال سے جہاں پولیسنگ کے مجموعی امور کو تقویت ملتی ہے وہیں پولیس اور عوام کے مابین دوستانہ ماحول کو بھی فروغ ملتا ہے اور بلاشبہ ایسے ہی اقدامات ہیں جو پولیس کی نیک نامی اور کارکردگی میں اضافے کا سبب بنتے ہیں۔

آئی جی سندھ نے مہمان کو سندھ پولیس کیجانب سے یادگاری شیلڈ دی اور مفید معلومات تجزیوں اور تجربات کی شیئرنگ پر انکا شکریہ ادا کیا۔

:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔